16/03/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گُل سے خبریں سُنئے

اقتصادی رپورٹ

بھارت سال2028تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنے گا۔ اقتصادی خدمات سے متعلق نامی ایک عالمی ادارے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ2026تک بھارت کی Morgan Stanley معیشت4اعشاریہ7کھرب ڈالر تک پہنچے گی اور2028تک بھارت کی معیشت5اعشاریہ7کھرب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ اس طرح بھارت عالمی اقتصادی منظر نامے پر جرمنی سے آگے نکل جائے گا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ سال2000کے بعد بھارت کی معیشت میں تیزی سے ترقی ہوئی ہے۔

C/S

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے حال ہی میں تشکیل دی گئی یوٹی سطح کی سٹیرنگ کمیٹی کی پہلی میٹنگ طلب کر کے جموںاور سرینگر شہروں کےلئے مزید200 ای۔ بسیں حاصل کرنے کے عمل کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں اس مقصد کےلئے بنیادی ڈھانچے کے قیام کے لئے مختلف محکموں کی جانب سے تیار کئے جا رہے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹس پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکریٹری نے اس ضمن میں تمام لوازمات جلداز جلد پورا کرنے کی تاکید کی۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے ایک میٹنگ مینکشمیر صوبے کے مختلف اضلاع میں پریم منسٹر ایمپلانمنٹ جنریشن اور جے اینڈ کے رورل ایمپلائمنٹ جنریشن پروگراموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز بورڈکے اہتمام سے منعقدہ اس میٹنگ میں صوبائی کمشنر کو بتایا گیا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران7ہزار372 کے مقرر کر دہ ہدف کے مقابلے میں 25ہزار864صنعتی یونٹ قائم کئے گئے ہیںصوبائی کمشنر نے روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کے رول کی ستائش کی تاہم انہوں نے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ درخواست دہندگان KVIBکےلئے کے معاملات کو تیز تر بنیادوں پر نپٹائیں۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع سطح کی کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں سگریٹ اور دیگر تمباکو اشیاءایکٹ کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تعلیمی اداروں کے گردنواح میں تمباکو اشیا ءکی خرید فروخت پر مکمل پا بندی اور ایکٹ کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

بڈگامDC

بڈگام کے ڈپٹی کمشنر اکشے لابرو نے دیہی ترقی محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ میں محکمے کے کیپکیس بجٹ کے تحت کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انھو ں نے پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے بارے میں لوگوں تک جانکاری پہنچانے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں بھی تفصیلات طلب کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے پر ٹھکانے لگانے کی ہدایت دی۔

مطالبات زر

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے کل سکل ڈیولپمنٹ، مائننگ ، صنعت و حرفت ، پبلک ورکس اورمحنت و روزگار محکموں کےلئے مطالبات زر کو منظوری دی ۔منظوری دیئے جانے سے قبل ایوان کے کئی ممبران نے مطالبات زر پر بحث میں حصہ لیا۔

Tangdar

نئے فوجداری قوانین کے بارے میں جانکاری عام کرنے کےلئے کل کپواره ضلع کے ٹنگڈار تحصیل میں ایک بیداری پروگرام منعقد ہوا جس میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے سینئر افسروں اور انتظامیہ کے اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر مقررین نے کہا کہ نئے فوجداری قوانین کی عمل آوری سے انصاف کی فراہمی میں مزید بہتری آئی ہے۔

ایوارڈ

نئی دلی میں کل ہاکی انڈیا سالانہ ایوارڈ دیئے جانے کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر پرسار بھارتی کو نشریات میں بہترین خدمات کےلئے جمن لال شرما ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ پرساربھارتی کے چیرمین نونیت کمار سہگل نے حاصل کیا ۔ اس موقعے پر پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو اور ہاکی انڈیا کے صدر دلیپ تِرکی بھی موجود تھے۔

پدما ایوارڈ

سال2026 کے پدما ایوارڈ س کےلئے نامزد گی داخل کرنے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ نامزدگیاں صرف آن لائن موڈ کے ذریعے راشٹریہ پُرسکار پورٹل پر31جولائی تک داخل کی جا سکتی ہیں۔ یہ ایوارڈ مختلف شعبوں میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی منتخب شخصیات کو پدما وبھوشن، پدما بھوشن اور پدما شری کی صورت میں دیئے جا تے ہیں۔منتخب کئے جانے والے افراد کو اگلے سال یوم جمہوریہ پر یہ ایوارڈ دیئے جائیں گے۔

ٹیکہ کا ری

آج ٹیکہ کاری کاقومی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد لوگوں میں وبائی بیماریوں سے بچاؤ کےلئے ویکسین کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ اطلاعات و نشریات کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ ملک میں ٹیکہ کا ری سے متعلق مختلف پروگرام چلائے جا رہے ہیں۔ پورٹل پر اب تک 7کروڑ43لاکھ مستحقین U-Winوزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ کی رجسٹریشن کی گئی ہے اور ویکسین کی27کروڑ77لاکھ خوراکیں دی جا چکی ہیں۔ اسکے علاوہ مشن اندرا دھنش کے تحت5کروڑ 40لاکھ بچوں اور ایک کروڑ32لاکھ حاملہ خواتین کو ویکسین دیا

گیا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ بھارت نے صحت عامہ کے شعبے میں ٹیکہ کاری کے تعلق سے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔

ماہ رمضان

رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ جاری ہے۔ آج رمضان المبارک کی15تاریخ ہے۔ آج وادی بھر کی مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں نواسہ رسول حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وِلادت کے سلسلے میں دینی مجالس کا اہتمام کیا جا رہاہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

....

....

....